سوال

طلاق کے بعد پھر آدمی اسی عورت سے شادی کرے تو کیا کرے ؟

جواب

طلاق دینے کے بعد دوبارہ اسی عورت سے شادی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایک آدمی طلاق کے بعد پھر اسی عورت سے شادی کرنا چاہتا ہے، کیا یہ شرعا ممکن ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! آپ کا سوال ذرا مبہم ہے، جس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کسی آدمی نے اپنی بیوی کو الگ الگ مجالس میں تینوں طلاقیں دے دی ہوں تو وہ تینوں ہی واقع ہو جائیں اور اس سے دوبارہ نکاح نہیں ہو سکتا۔ اور اگر اس نے ایک یا دو طلاقیں دی ہوں تو عدت کے دوران رجوع ہو سکتا ہے، جبکہ عدت گزرنے کے بعد نکاح جدید کیا جا سکتا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی